سوال

نبی کریم کا نام سن کر انگوٹھے چومنا السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ کیا نبی کریم کا نام سن کو انگوٹھے چومنا جائز ہے۔ ؟

جواب

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

ہمارے علم کے مطابق آپ کا نام لیتے یا سنتے وقت انگوٹھے چومنا نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی کسی بھی صحیح حدیث سے ثابت نہیں ہے۔ لہذا ایسا کرنا بدعت ہے، اور پھر نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا فرمان ہے «من أحدث فی أمرنا ہذا ما لیس منہ فہو رد» "جس کسی نے بھی ہمارے اس دین میں کوئی ایسا کام ایجاد کیا اور نکالا جو اس میں سے نہیں تو وہ مردود ہے"

ھذا ما عندی واللہ أعلم بالصواب

محدث فتویٰ کمیٹی

دار الافتاء محدث